© rasailojaraid.com



خالد شبیر احمد

# نعت

درد جاں کو اک سہارا مل گیا　　دل کی کشتی کو کنارا مل گیا
دیکھ کر طیبہ ہوئی آسودگی!　　ہم کو گویا گھر ہمارا مل گیا
ختم ہونے کو ہیں دل کی دوریاں　　ان کی جانب سے اشارہ مل گیا
سبزہ زارِشوق پر آئی بہار　　دل کو اک ایسا نظارہ مل گیا
چاندنی میں ڈھل گئے مفہوم سب　　نور کا حرفوں کو دھارا مل گیا
میرے دل کی شادمانی کا نہ پوچھ　　رت سہانی، وقت پیارا مل گیا
میں بھی آ پہنچا مدینے دیکھ لو　　اپنی بخشش کا اشارہ مل گیا
آ گیا خالدؔ حضوری کا بھی رنگ　　نعت کہنے کا جو یارا مل گیا

ماہانہ مجلس ذکر، روحانی اجتماع واصلاحی بیان

دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان

بروز جمعرات بعد عشاء　　۹ مارچ ۲۰۰۱ء

امیرِ احرار

ابنِ امیرِ شریعت حضرت پیر جی

سید عطاء المہیمن بخاری

دامت برکاتہم

اصلاحی، تربیتی بیان فرمائیں گے۔ احباب و متعلقین نمازِ مغرب تک پہنچ جائیں

المعلن: ناظم مدرسہ معمورہ دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان (فون: 511961 - 061)

© rasailojaraid.com